حق پرست ارکان پارلیمنٹرین کو پارلیمنٹ میں اپوزیشن کی نشستوں پر بیٹھنے کی اجازت دی جائے،
ایم کیوایم کے ارکان قومی اسمبلی اور سینیٹرز کا رابطہ کمیٹی سے مطالبہ
وفاقی حکومت کی انتہائی اہم مناصب پر فائز شخصیات کو حکومت سندھ کے غیر ذمہ دارانہ اور جارحانہ رویہ کے عمل سے بار بار آگاہ کیا گیا
لیکن افسوس کہ نہ تو وفاقی حکومت نے اس سلسلہ میں کوئی ٹھوس اور مثبت قدم اٹھایا اور نہ ہی حکومت سندھ کا رویہ تبدیل ہوا
لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کو حکومت سندھ کے بعض عناصر کی مکمل سرپرستی حاصل ہے

کراچی۔۔۔9،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تمام حق پرست ارکان قومی اسمبلی اور ارکان سینیٹ نے ایم کیوایم کی مرکزی رابطہ کمیٹی سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ حق پرست ارکان پارلیمنٹ کو حکومت سندھ کے غیر ذمہ دارانہ رویہ پر پارلیمنٹ میں اپوزیشن کی نشستوں پر بیٹھنے کی اجازت دے۔اپنے مشترکہ بیان میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی اور ارکان سینیٹ نے رابطہ کمیٹی کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت کی انتہائی اہم مناصب پر فائز شخصیات کو حکومت سندھ کے غیر ذمہ دارانہ اور جارحانہ رویہ کے عمل سے بار بار آگاہ کیا گیا لیکن افسوس کہ نہ تو وفاقی حکومت نے اس سلسلہ میں کوئی ٹھوس اور مثبت قدم اٹھایا اور نہ ہی حکومت سندھ کا رویہ تبدیل ہوا جبکہ اس امر سے سب ہی واقف ہیں کہ وفاقی حکومت بھی پاکستان پیپلزپارٹی کی ہے اور صوبہ سندھ میں بھی پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت قائم ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی اور ارکان سینیٹ نے کہا کہ لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں اور دیگر جرائم پیشہ گروپوں کی جانب سے تسلسل کے ساتھ ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ اور انہیں اغواء کرکے قتل کرنے کا سلسلہ جاری ہے اور لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کو حکومت سندھ کے بعض عناصر کی مکمل سرپرستی حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز مورخہ 8 جنوری 2010 کو بھی لیاری گینگ وار کے جرائم پیشہ دہشت گردوں نے ایم کیوایم کے پانچ کارکنوں کو اغواء کرکے قتل کردیا ہے جبکہ اس سے ایک روز قبل لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں نے ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 32 کے کارکن محمد عامر ولد اسلام الدین کو اغواء کرکے بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا اور سفاکی سے قتل کرتے ہوئے ان کا سرتن سے جدا کردیا۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی اور ارکان سینیٹ نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی سے پرزور مطالبہ کیا کہ وہ وفاق میں حکومتی بنچوں پر بیٹھنے کے فیصلے پر نظر ثانی کرے اور حق پرست ارکان قومی اسمبلی اور ارکان سینیٹ کو پارلیمنٹ میں اپوزیشن کی نشستوں پر بیٹھنے کی اجازت دے۔

کراچی میں طالبان دہشت گردوں کی موجودگی کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی
بلدیہ ٹاؤن میں دھماکے میں خودکش حملہ آوروں کی ہلاکت، بڑے پیمانے پر خودکش جیکٹس، اسلحہ اور بارود کی برآمدگی پر اظہار تشویش
کراچی میں بم دھماکوں، طالبان دہشت گردوں کی گرفتاری اور بلدیہ ٹاؤن میں خودکش حملہ آوروں کی ہلاکت نے الطاف حسین کو سچا ثابت کردیا
کراچی اور اس کے شہریوں کو خاک وخون میں نہلانے کیلئے طالبان دہشت گرد منظّم سازشی منصوبہ کے تحت دہشت گردی کی سازش کررہے ہیں

کراچی۔۔۔9،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے بلدیہ ٹاؤن میں واقع مکان میں ہونے والے دھماکے میں خودکش حملہ آوروں کی ہلاکت، بڑے پیمانے پر خودکش جیکٹس، اسلحہ اور بارود کی برآمدگی پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین گزشتہ کئی برسوں سے ارباب اختیار واقتدار اور عوام کو کراچی میں طالبائزیشن کی سازش سے آگاہ کرتے رہے تھے لیکن اس وقت الطاف حسین کے خدشات اور انکشافات کو ارباب اختیار واقتدار اور سیاسی جماعتوں نے قطعی سنجیدگی سے نہیں لیا اور ان انکشافات اور خدشات کو محض واویلا قرار دیا گیا تاہم کراچی کے مختلف علاقوں میں بم دھماکوں، طالبان دہشت گردوں کی گرفتاری اور بلدیہ ٹاؤن میں خودکش حملہ آوروں کی ہلاکت کے پے درپے واقعات نے الطاف حسین کی تمام باتوں کو سچ ثابت کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بلدیہ ٹاؤن کے مکان میں ہونے والے دھماکے کے بعد جائے وقوعہ سے خودکش جیکٹوں، بڑی تعداد میں ہینڈ گرنیڈ اور کلاشنکوف کی برآمدگی سے یہ حقیقت صاف ظاہر ہے کہ یہ سفاک دہشت گرد کراچی میں دہشت گردی اور قتل وغارتگری کرنا چاہتے تھے اور شہریوں کو آگ وخون میں نہلانا چاہتے تھے جو کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ناکام ہوگئی اور دہشت گرد خود ہی اپنے منطقی انجام تک پہنچ گئے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ طالبان دہشت گرد ایک منظّم سازشی منصوبہ کے تحت شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش کررہے ہیں تاکہ پاکستان کے تجارتی حب اور معاشی شہ رگ کراچی میں امن وامان کی صورتحال تباہ کرکے قومی سلامتی کے

خلاف سازشی منصوبے کو عملی جامہ پہنایا جاسکے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بلدیہ ٹاؤن میں خودکش حملہ آروں کی ہلاکت کا واقعہ اسی گھناؤنی سازش کا حصہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جوعناصر کراچی میں طالبانائزیشن کے حوالہ سے قائد تحریک الطاف حسین کے خدشات کو محض واویلا قرار دیتے رہے ہیں اور قوم کو گمراہ کرتے آئے ہیں وہ بلدیہ ٹاؤن میں خودکش حملہ آوروں کی ہلاکت کے واقعہ کے بعد بھی کیا کراچی میں طالبانائزیشن سے انکار کریں گے؟ رابطہ کمیٹی نے وفاقی وصوبائی حکومتوں، رینجرز اور پولیس کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں طالبان دہشت گردوں کی موجودگی کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور کراچی کے علاقے بلدیہ ٹاؤن میں خودکش حملہ آروں کی ہلاکت کے واقعہ کی نہ صرف غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائے بلکہ کراچی کے علاقے بلدیہ ٹاؤن، شیر پاؤ کالونی، سہراب گوٹھ، منگھوپیر اور دیگر علاقوں میں موجود طالبان دہشت گردوں اوران کے سرپرستوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اور کراچی کا امن تباہ کرنے والے عناصر کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی کی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے کارکنان وعوام پر بھی زوردیا کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں 24 گھنٹے چوکیداری نظام قائم کریں، اپنے علاقوں میں مشکوک افراد اور نئے کرائے داروں پر کڑی نظر رکھیں اور مشکوک افراد کی اطلاع فوری طور پر مقامی پولیس وانتظامیہ کو دیں۔رابطہ کمیٹی نے کراچی کے مختلف علاقوں میں برسوں سے آباد پرامن پختون بھائیوں سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں، مشکوک افراد کو کرائے پر مکان دینے کے عمل کی حوصلہ شکنی کریں اور کراچی میں دہشت گردوں کے گھناؤنے مقاصد کو ناکام بنانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی اور چیف جسٹس آف پاکستان جناب جسٹس افتخار محمد چوہدری ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں کی ٹارگٹ کلنگ اور سفاکانہ قتل کی وارداتوں کا سنجیدگی سے نوٹس لیں، رابطہ کمیٹی

ٹارگٹ کلنگ میں ملوث حقیقی دہشت گرد، جرائم پیشہ منشیات فروشوں، لینڈ مافیا اور لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کی متعدد بار ثبوت کے ساتھ نشاندہی کے باوجود حکومت کی جانب سے کوئی نوٹس نہیں لیا

صوبائی حکومت کی خاموشی کراچی کے شہریوں کیلئے لمحہ فکریہ اور ارباب اختیار واقتدار کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے

کراچی۔۔۔9جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ منشیات فروشوں، لینڈ مافیا، حقیقی دہشت گردوں اور لیاری گینگ وار میں ملوث درندہ صفت سفاک مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں اغواء، بہیمانہ تشدد اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں ایم کیوایم کے کارکنوں کی شہادت کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ٹارگٹ کلنگ وتشدد کے حالیہ واقعات میں ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے کارکن محمد عامر شہید، ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکن محمد نعیم شہید، ایم کیوایم کیماڑی سیکٹر کے کارکن خیرالبشر شہید، ایم کیو ایم لائنز ایریا سیکٹر کے کارکن منور شہید اور ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن مستحسن زیدی شہید کی شہادت کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور اغواء اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں ملوث جرائم پیشہ منشیات فروشوں، لینڈ مافیا اور لیاری گینگ وار کے سفاک دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے اور شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ لیاری گینگ وار میں ملوث مسلح دہشت گردوں نے کراچی کے کئی علاقوں میں ایم کیوایم کے معصوم وبے گناہ کارکنوں اور ہمدردوں کے خون سے ہولی کھیلی ہے اور کارکنوں اور ہمدردوں کو اغوا کرکے جس طرح بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا ہے اور ٹارگٹ کلنگ کی ہے اسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران ایم کیو ایم کے 76 سے زائد کارکنان اور متعدد ہمدردوں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جاچکا ہے جبکہ ایم کیوایم کی جانب سے ٹارگٹ کلنگ میں ملوث حقیقی دہشت گردوں، جرائم پیشہ منشیات فروشوں، لینڈ مافیا اور لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں اوران کی آماجگاہوں کی متعدد بار ثبوت کے ساتھ نشاندہی کے باوجود حکومت کی جانب سے کوئی نوٹس نہیں لیا گیا اور تاحال کسی ایک بھی دہشت گرد کی گرفتاری دیکھنے میں نہیں آئی جو اس بات کا ثبوت ہے کہ بعض افراد کی مکمل دہشت گردوں کو سرپرستی حاصل ہے اور اسی سرپرستی کی بناء پر وہ کراچی میں حالات خراب کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے دہشت گردوں کی حکومت سرپرستی کراچی کے شہریوں کیلئے لمحہ فکریہ اور ارباب اختیار واقتدار کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔رابطہ کمیٹی نے شہید کارکنوں اور ہمدردوں کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کارکنوں و ہمدردوں کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا کرے۔رابطہ کمیٹی نے وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی اور چیف جسٹس آف پاکستان جناب جسٹس افتخار محمد چوہدری سے مطالبہ کیا ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں کی ٹارگٹ کلنگ اور سفاکانہ قتل کی وارداتوں کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اوران واقعات میں ملوث جرائم پیشہ منشیات فروشوں، لینڈ مافیا، حقیقی دہشت گردوں اور لیاری گینگ وار میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے اوران دہشت گردوں کی سرپرستی کرنے والے عناصر کو بے نقاب کرکے ایم

کیوایم کے کارکنان اورعوام کوتحفظ فراہم کیاجائے ۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام کارکنوں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ دہشت گردی اورقتل وغارتگری کے واقعات پر صبروبرداشت سے کام لیں،اپنے جذبات قابومیں رکھیں اوراس بات پر یقین رکھیں کہ درندہ صفت قاتل ایک دن اپنے منطقی انجام تک ضرورپہنچیں گے اورکسی صورت اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نہیں بچ سکیں گے۔

ٹارگٹ کلنگ کانشانہ بننے والے ایم کیوایم کے کارکن خیرالبشر شہیداور ہمدردمنورشہید آہوں اورسسکیوں کے ساتھ سپردخاک نمازجنازہ اورتدفین میں حق پرست نمائندوں،ایم کیوایم کے ذمہ داران کی بڑی تعداد میں شرکت

کراچی۔۔۔9،جنوری2010ء

گزشتہ روزلیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کے ہاتھوں ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنانے والے متحدہ قومی موومنٹ کے پانچ کارکنان وہمدردوں میں سے کیماڑی سیکٹر کے کارکن خیرالبشرشہیداورایم کیوایم لائنزایریا سیکٹر کے ہمدرد منورشہید کوہزاروں سوگواران کی آہوں اورسسکیوں کے درمیان سپردخاک کردیا گیااورشہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔خیرالبشرشہیدکی نماز جنازہ بابری مسجد محمدی کالونی کیماڑی میں ادا کی گئی اورشہیدکوابراہیم حیدری کے علی اکبرشاہ گوٹھ قبرستان میں سپردخاک کیا گیا،شہیدکی نمازجنازہ اورتدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی عامرمعین پیرزادہ،کورنگی ٹاؤن کے ناظم عارف خان ایڈووکیٹ،کراچی مضافاتی کمیٹی کے ذمہ داران فرخ اعظم،عارف حیدر،سابق رکن سندھ اسمبلی یوسف منیرشیخ،کیماڑی سیکٹرکمیٹی کے ارکان،علاقائی یونٹس کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اورشہید کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ٹارگٹ کلنگ کانشانہ بننے والے ایم کیوایم لائنزایریا کے ہمدرد منورشہیدکوکورنگی نمبر1 کے قبرستان میں سپردخاک کیا گیا اس سے قبل شہید کی نماز جنازہ حنیف مسجدلائنزایریامیں ادا کی گئی،نمازجنازہ اورتدفین میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی وسیم اختر،رشیدگوڈیل،نائب ٹاؤن ناظم ضیاء جمال،کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان،لائنزایریااورکورنگی سیکٹرکمیٹی کے ارکان،علاقائی یونٹس کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اورشہید کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اورشہیدکوزبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

قائدتحریک الطاف حسین کی ہدایت پررابطہ کمیٹی کے ارکان کاجسٹس خلیل الرحمٰن رمدے کی اہلیہ کی وفات پرگھرجاکرتعزیت

لاہور۔۔۔9،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین کی ہدایت پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یارخان،افتخاراکبررندھاوااورڈاکٹرعلی حسین نے ایم کیوایم کی لیگل ایڈکمیٹی کے رکن مبین قاضی ایڈووکیٹ کے ہمراہ سپریم کورٹ آف پاکستان کے سینئرجج جسٹس خلیل الرحمٰن رمدے کی اہلیہ قرۃالعین کی انتقال پران کے گھرپرجاکرمرحومہ کی مغفرت کیلئے فاتحہ خوانی کی اورجسٹس خلیل الرحمٰن رمدے سمیت تمام سوگوارلواحقین سے قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت اورگہرے دکھ اورافسوس کااظہارکیا۔

ایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی قطراسپتال یونٹ کے کارکن ڈاکٹرپرویزعالم کے انتقال پرالطاف حسین کااظہارافسوس

کراچی۔۔۔9،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی میڈیکل ایڈکمیٹی قطراسپتال یونٹ کے کارکن ڈاکٹرپرویزعالم کی علالت کے باعث انتقال پرگہرے رنج وغم کااظہارکیاہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی ہے اورکہاہے کہ میں اورایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابرکے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹرپرویزعالم مرحوم کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل دے۔(آمین)

ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔9جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی قطر اسپتال یونٹ کے کارکن ڈاکٹر پرویز عالم،ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے ڈی اے لیاری ڈیلوپمنٹ اتھارٹی یونٹ کے جوائنٹ یونٹ انچارج ولایت علی کے بھائی مہتاب علی،ایم کیوایم گڈاپ ٹاؤن سیکٹریونٹ 5 کے کارکن عبدالطیف کی والدہ طاوی بیگم،ایم کیوایم کورنگی سیکٹریونٹ 71 کے کارکن عزیز احمد کی والدہ مختار بیگم،کورنگی سیکٹریونٹ 69 کے کارکن سعید احمد کے والد بشیر احمد،کورنگی سیکٹریونٹ 71 کے کارکنان قمرالدین ،نسیم ،کامران قمر کی والدہ جمیلہ خاتون،ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹریونٹ 159 کے کارکن مرزانعمان بیگ کے والد مرزاشفیق بیگ،لیاقت آباد سیکٹریونٹ 165 شعبہ خواتین کی کارکن سیماطارق کے والد محمد سلمان،لیاقت آباد سیکٹریونٹ 162 کے کارکن خالدخورشید جمال والدہ عقیلہ خورشید،ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹریونٹ 138 کے کارکن ناظم الدین کی والدہ ثمر سلطان،ایم کیوایم محبان پاکستان اوورسیز سعودی عرب کے کارکن مختار علی کی ہمشیرہ ملکہ بیگم اور ایم کیوایم شکارپور زون سیکٹر A کے کارکن شبیر احمد قریشی کے والد بشیر احمد قریشی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور سوگوارن کو صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆